صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 03 ستمبر 2012ء بمطابق 15 شوال 1433ہجری صبح گیارہ بجکر پانچ منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔

إِنَّ هٰذَا الْقُرْءَانَ يَهْدِي لِلَّتِي هِيَ أَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِينَ الَّذِينَ يَعْمَلُونَ الصّٰلِحٰتِ أَنَّ لَهُمْ أَجْرًا كَبِيرًا O وَأَنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْاٰخِرَةِ أَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا O وَيَدْعُ الْإِنسٰنُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهُ بِالْخَيْرِ وَكَانَ الْإِنسٰنُ عَجُولًا۔ صَدَقَ اللّٰهُ الْعَظِيمِ۔

(ترجمہ): یہ قرآن وہ رستہ دکھاتا ہے جو سب سے سیدھا ہے اور مومنوں کو جو نیک عمل کرتے ہیں بشارت دیتا ہے کہ اُن کیلئے اجر عظیم ہے۔ اور یہ بھی (بتاتا ہے) کہ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اُن کیلئے ہم نے دکھ دینے والا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اور انسان جس طرح (جلدی سے) بھلائی مانگتا ہے اسی طرح برائی مانگتا ہے۔ اور انسان جلد باز (پیدا ہوا) ہے۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

دعائے مغفرت

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ (ڈپٹی سپیکر): جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب، نن یوه بله دهماکه شوې ده، د هغې د شهداء د پاره یو دعا وکړئ۔

جناب سپیکر: جناب مفتی کفایت اللہ صاحب سے درخواست ہے کہ وہ تنی میں بھی اور آج بھی ایک دھماکہ ہوا ہے آبدرہ روڈ پر، ان شہداء کیلئے دعائے مغفرت کیجئے۔

مفتی کفایت اللہ: یا اللہ! یہ جتنے بے گناہ لوگ اور معصوم لوگ جو مارے جاتے ہیں، یا اللہ! ان تمام معصوم لوگوں کی شہادتوں کو قبول فرما۔

جناب سپیکر: آمین۔

مفتی کفایت اللہ: یا اللہ! تمام پسماندگان کو صبر جمیل نصیب عطا فرما۔ یا اللہ! اتنی مشکل صورتحال سے تو ہی ہمیں نکال سکتا ہے، یا اللہ! اس صورتحال سے ہمیں نکال دے۔ یا اللہ! ہمارے صوبے کو اور اس ملک کو امن کا گہوارہ بنا۔

جناب سپیکر: آمین۔

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور' : مفتی کفایت اللہ صاحب، سوال نمبر جی؟

مفتی کفایت اللہ: سوال نمبر 2 ہے جی۔

جناب سپیکر: جی۔

* 02 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع مانسہرہ کا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال 2005 کے زلزلے میں تباہ ہوا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو:

(i) مذکورہ ہسپتال میں تعمیراتی کام کی موجودہ حالت کیا ہے؛

(ii) آیا مذکورہ ہسپتال کی پرانی عمارت جو کہ ناقص میٹریل و تعمیر کی وجہ سے تباہ ہوئی تھی، اس ضمن میں متعلقہ ٹھیکیدار کے خلاف انکوائری ہوئی تو اسکی تفصیل مہیا کی جائے؟

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): (الف) ہاں، مانسہرہ ہسپتال کے دو بڑے بلاک 2005 کے زلزلے میں تباہ ہوئے تھے۔

(ب) (i) ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال مانسہرہ جس کا موجودہ نام شاہ عبداللہ تدریسی ہسپتال مانسہرہ ہے، وہ سعودی فنڈ سے زیر تعمیر ہے، کام تقریباً آدھا ہو چکا ہے۔ پراجیکٹ کی مدت تکمیل اکتوبر 2012 ہے۔

(ii) پرانی عمارت کے نقصانات کے بابت اس وقت کی وزیر اعلیٰ انسپکشن ٹیم اور انجینئر نگ یونیورسٹی پشاور کی ٹیم نے انکوائری کی تھی۔

Mr. Speaker: Any supplementary, Mufti Kifayatullah Sahib?

مفتی کفایت اللہ: میری تو ایک گزارش ہے جی کہ اس سوال کا جواب انہوں نے بہت تفصیلی دیا ہے، میں شکریہ ادا کرتا ہوں لیکن یہ محرر کاپی مجھے ابھی ملی ہے، میرے خیال سے تین سو چار سو صفحات ہیں تو دیکھنے کا موقع نہیں ملا، اگر پینڈنگ کر دیں، حالانکہ آج میری خوش قسمتی ہے کہ وزیر صاحب بھی تشریف لائے ہیں، انہوں نے یہ کہا ہے کہ ہم نے انکوائری کی ہے، بہت لمبی انکوائری ہے لیکن اس کا فائنل نتیجہ نہیں ہے تو میں ذرا اس کو دیکھ لوں، اگر یہ مجھے کل پرسوں کاپی دیتے ہیں تو کوئی بات نہیں ہے۔

Mr. Speaker: Kept pending, as requested.

مفتی کفایت اللہ: شکریہ جی۔

Mr. Speaker: Again Mufti Kifayatullah, Question number?

مفتی کفایت اللہ: ہاں جی، یہ سوال نمبر 03 ہے جی۔

جناب سپیکر: جی۔

* 03 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) حکومت موسمی بیماریوں کیلئے بروقت فنڈز مختص / مہیا کرتی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) صوبے کے سرد ترین علاقوں میں قائم ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں کو نمونیا و دیگر موسمی بیماریوں سے بچنے اور بچوں کے علاج معالجے کیلئے کیا ایکشن پلان تیار کیا گیا ہے؛

(ii) محکمہ غریب اور نادار مریضوں کے علاج و معالجے کیلئے کونسی مفت سہولیات فراہم کر رہا ہے، نیز صحت کے حوالے سے کتنے ممالک امداد دیتے ہیں، ملک کا نام اور امداد کی تفصیل فراہم کی جائے؟

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): (الف) جی ہاں۔

(ب) (i) تمام سرد ترین علاقوں میں قائم ہسپتالوں میں مریضوں کو موسمی بیماریوں سے بچنے کیلئے سرکار دوائیاں مہیا کرتی ہے۔

(ii) محکمہ غریب اور نادار مریضوں کے علاج معالجے کیلئے مفت دوائیاں فراہم کرتا ہے اور EHSAR Foundation اور WHO کی مدد سے موسمی بیماریوں مثلاً نمونیا کیلئے نمونیا سنٹر قائم کیا گیا ہے جسکو فاؤنڈیشن کی طرف سے مفت دوائیاں ملتی ہیں۔ ان بیماریوں کیلئے ایک خاص وارڈ مختص کیا گیا ہے۔

Mr. Speaker: Any supplementary.

مفتی کفایت اللہ: نہیں جی، اس پر مکمل اطمینان ہے۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ نصیر محمد خان میداد خیل صاحب کی ریکویسٹ آئی ہے کہ کچھ مسئلہ پیش آیا ان کو، ان کے بھی پینڈنگ کئے جاتے ہیں۔ محترمہ نور سحر صاحبہ۔ Again نور سحر صاحبہ۔ جب محرک موجود نہ ہو تو پھر کیا ہوگا؟ وہی ہوگا۔ آپ اگر اس کو Take up کرنا چاہتے ہیں تو آپ کر لیں۔ اچھا نور سحر بی بی کو Replace نہیں کرنا چاہ رہے ہیں۔ 1، 2، 2 بھی نہیں ہیں، 3 نور سحر صاحبہ، دا به ختمیږی که نه تول چې کوم Lapse شو؟ Again نور سحر صاحبہ، 26، (مداخلت) بس ٹھیک ہے محنت کی ہے اس نے، ڈیپارٹمنٹ نے بھی اس پر کافی وقت لگایا لیکن ابھی 'مؤور' نہیں ہے تو کیا کریں؟ آپ لوگوں نے پڑھا نہیں کہ اس میں سپلیمنٹری سوال آپ لوگ کریں تو، Again نور سحر صاحبہ، 27 نمبر کو کسچن-----

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی۔

وزیر صحت: آپ کی چیئر سے ہمیشہ استفسار ہوتا ہے کہ میں تشریف نہیں لاتا ہوں، آج لایا ہوں تو کیا ہوا؟

(قہقہے، تالیاں)

جناب سپیکر: ہں جی؟

جناب منور خان ایڈوکیٹ: ہم اس کو ویلکم کرتے ہیں سر۔

جناب سپیکر: یہ تو بڑی خوشی کی بات ہے کہ آپ کا دیدار ہوا۔ آپ کا دیدار بھی ہمارے ایک پیر صاحب ہیں، ان سے کم نہیں ہوتا۔ خدا نہ کرے کہ ادھر میرے ہاں دو چار دیداروں میں کوئی فوت نہ ہو جائیں۔

جناب عبدالاکبر خان: جب منسٹر صاحب نہیں ہوتے ہیں تو 'مؤور' ہوتے ہیں، جب منسٹر صاحب آجاتے ہیں تو 'مؤور' بھاگ جاتے ہیں۔

جناب سپیکر: یہ انہوں نے کچھ 'چل ول' بنایا ہے، ان کو کہا ہے کہ نہ آئیں۔

جناب عبدالاکبر خان: مک مکا ہو گیا ہے۔

جناب سپیکر: یہ شاید (قہقہہ) جو آپ کہہ رہے ہیں۔ نور سحر صاحبہ، آپ لوگ بھی کوئسچن نہیں پڑھتے ورنہ کوئی نہ کوئی تو کرتا۔

جناب عبدالاکبر خان: ہم اس سوال پر کر سکتے ہیں؟

جناب سپیکر: Why not یہ تو ہاؤس کی پراپرٹی ہے، اس میں کون آپ کو منع کرتا ہے؟

جناب عبدالاکبر خان: سر آپ Investigate کریں اگر کوئی ہوتا ہے۔

جناب سپیکر: مجھے پتہ ہے، آپ لوگ پڑھتے نہیں ہیں، ابھی دیکھو اسرار اللہ خان کا دل بہت چاہ رہا ہے لیکن پڑھا نہیں ہے، ابھی پڑھنا چاہ رہا ہے۔ 26 بھی Lapse ہوا۔ 27، نور سحر صاحبہ۔ وہ بھی Lapsed۔ مفتی کفایت اللہ صاحب، سوال نمبر؟ آنریبل لاء منسٹر صاحب! آپ نے صبح کروایا اور دیکھو نا، ہال کی کیا حالت ہے؟ ایک تو بارش کی وجہ سے کچھ پریشانی ہو گئی ہے اور۔۔۔۔۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): سپیکر صاحب، بارش کی وجہ سے بھی اور آبدرہ روڈ والے واقعے کی وجہ سے بھی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ عالمگیر خلیل صاحب بتا سکتے ہیں کہ کیا ہے؟

جناب محمد عالمگیر خلیل: قدرتی، کار د بابک سره دے۔

جناب سپیکر: هں جی، اوس به په کوئسچنز آور کښې تیز شو۔ مفتی صاحب! پکښې غائب شوے دے، سوال د رنه جوړې۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: نه جی، 80 جی۔

جناب سپیکر: بتادیں جی، نمبر بتادیں۔

مفتی کفایت اللہ: 80 جی۔

جناب سپیکر: جی۔

* 80 _ مفتی کفایت اللہ: کیاوزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا جیل میں قیدیوں کیلئے بی کلاس ہوتی ہے؛

(ب) صوبے کے تمام جیلوں میں موجود قیدی جنکو گزشتہ پانچ سالوں میں بی کلاس دی گئی ہے، انکے نام اور جرم وسزا کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؛

(ج) گزشتہ پانچ سالوں میں جو قیدی بی کلاس کی شرائط پر پورا اترتے تھے اور انہیں سہولت نہیں دی گئی، انکی بھی تفصیل فراہم کی جائے؛

(د) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران 'پیرول' پر رہا ہونے والے قیدیوں کے نام اور انکے جرم وسزا کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں یہ درست ہے۔ جیل میں قیدیوں کیلئے بی کلاس ہوتی ہے۔

(ب) صوبے کے تمام جیلوں میں جن قیدیوں کو گزشتہ پانچ سالوں میں بی کلاس دی گئی ہے، ان کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

(ج) بی کلاس کی شرائط پر پورا اترنے والے تمام قیدیوں کو درخواست دینے پر سہولت فراہم کی گئی ہے۔

(د) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران 'پیرول' پر رہا ہونے والے قیدیوں کے نام اور انکے جرم وسزا کی تفصیل ایوان کو فراہم کر دی گئی۔

جناب سپیکر: سپلیمنتری سوال پکښې شته؟

مفتی کفایت اللہ: نہیں جی۔

Mr. Speaker: Thank you. Mufti Kifayatullah Sahib, again Question No. 81, please.

* 81 _ مفتی کفایت اللہ: کیاوزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ٹرانسپورٹ کے متعلق موٹر وہیکل رولز موجود ہیں اور مذکورہ قوانین کی خلاف ورزی پر جرمانہ بھی کیا جاتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 10-2009 اور 11-2010 میں کتنا جرمانہ وصول کیا گیا، ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) سال 10-2009 میں کل جرمانہ مبلغ -/85008263 روپیہ اور سال 11-2010 میں کل جرمانہ مبلغ -/87505225 روپیہ وصول کیا گیا، ضلع وائز تفصیل درج ذیل ہے:

District	Fine from 01-07-2009 to 30-06-2010	Fine from 01-07-2010 to 31-03-2011
Peshawar	40607237	37572415
Charsada	5421047	6353585
Nowshera	734056	---
Mardan	7372100	6471431
Sawabi	1072588	1869981
Kohat	2589937	3947491
Hangu	838036	548661
Karak	---	---
Abbottabad	7270168	5573685
Haripur	1848507	3254475
Mansehra	4526099	7662165
Battagram	---	---
Kohistan	---	---
Bannu	1867476	135489
Laki Marwat	---	256470
D I Khan	1671398	2077460
Tank	96996	121083
Swat	4474649	4987674
Shangla	448630	331695
Bunner	1029560	1206170
Dir Lower	1338470	1251805
Dir Upper	1271550	953641
Chitral	529759	1759800
Total	**85008263**	**87505225**

مفتی کفایت اللہ: میں تو حیران ہوا، آج ان کی اچھی تیاری ہے، اب خواہ مخواہ سوال کرنا ضروری تو نہیں ہے۔ میں محکمہ داخلہ اور محکمہ صحت اور محکمہ جیلخانہ جات کا شکریہ ادا کرتا ہوں، ٹھیک ٹھیک سوال دیا ہے، میں مطمئن ہوں۔

جناب سپیکر: چلیں اچھی بات ہے، اچھی چیز کو Appreciate کرنا چاہیئے (تالیاں)
ہمارے گورنمنٹ آفیشلز نے اور انہوں نے محنت کی ہے۔ سارے بس ٹھیک ہیں؟

مفتی کفایت اللہ: ہاں جی۔

جناب سپیکر: جی مفتی صاحب، سوال نمبر 82۔

* 82 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں جیل، سب جیل اور سنٹرل جیل موجود ہیں؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ جیلوں میں مختصر المدتی اور طویل المدتی قیدی ہوتے ہیں؛

(ج) آیا یہ درست ہے کہ قیدیوں کی اصلاح و تربیت حکومت کی ذمہ داری ہے جو کہ احسن طریقے سے انجام دی جارہی ہے؛

(د) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس سلسلے میں قرآن مجید سکھانا اور ضروری دینی تعلیم دینے کا اہتمام بھی کیا جاتا ہے؛

(ھ) اگر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) صوبے میں کل کتنے جیل موجود ہیں، قیدیوں کی تربیت و اصلاح کا انتظام کن کن جیلوں میں ہے؛

(ii) سرکاری سطح پر قرآن مجید اور ضروری دینی علوم پڑھانے کا انتظام کن کن جیلوں میں ہے؛

(iii) گزشتہ پانچ سالوں میں مذکورہ علوم سے کتنے قیدی مستفید ہوئے ہیں؛

(iv) اس سلسلے میں کتنے اور کن کن قیدیوں کو سزا میں تخفیف / رعایت حاصل ہوئی ہے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ج) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(د) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ھ) (i) صوبے میں کل 23 جیل موجود ہیں۔ تقریباً تمام جیلوں میں قیدیوں حوالاتیوں کی اصلاح کی بھرپور کوشش کی جارہی ہے۔

(ii) ہمارے صوبے میں تمام سنٹرل، ڈسٹرکٹ اور سب جیلوں میں دینی اساتذہ کا سرکاری سطح پر تقرر کیا گیا ہے اور انہی اساتذہ کی زیر نگرانی ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن (غیر سرکاری تنظیم) کے نمائندگان جیلوں میں قیدیوں اور حوالاتیوں کو ترجمہ قرآن مجید، حفظ اور ناظرہ قرآن پاک کی باقاعدہ تعلیم دے رہے ہیں۔

(iii) گزشتہ پانچ سالوں میں مذکورہ علوم سے 897 قیدی مستفید ہوئے ہیں۔

(iv) دہشت گردی میں ملوث قیدیوں کے علاوہ باقی 826 قیدیوں کو سزاؤں میں تخفیف / رعایت حاصل ہوئی ہے۔

جناب سپیکر: 82 بھی ٹھیک ہے؟

مفتی کفایت اللہ: جی۔

جناب سپیکر: بس ہوگئے، ختم ہوگئے، Very good، یہ اچھی بات ہے، مفتی صاحب نے Appreciate کیا۔

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

01 _ محترمہ نور سحر: کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) سرکاری ہسپتالوں کے ڈاکٹروں کو صوبے میں پرائیویٹ پریکٹس کی اجازت ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ انہیں سرکاری ہسپتالوں میں ایکسرے اور ٹیسٹوں کی مد میں کمیشن بھی ملتا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کمیشن ریٹ کی تفصیل فراہم کی جائے؟

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): (الف) جی ہاں۔

(ب) سرکاری ہپستالوں کے ڈاکٹروں کو کمیشن نہیں بلکہ User Charges کی مد میں شیئر ملتا ہے جو کہ حکومت کی طرف سے منظور شدہ ہے۔

(ج) User Charges کی مد میں شیئر کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

گورنمنٹ شیئر	60 فیصد

ڈاکٹرز شیئر	25فیصد
پیرامیڈیکس شیئر	10فیصد
ایڈمنسٹریٹیو شیئر	02فیصد
Maintenanceاور ریپیئر شیئر	03فیصد

2 _ محترمہ نور سحر: کیاوزیر منصوبہ بندی و ترقیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ کے (SDU)، Special Development Unit اور Economics Analyst. کی گزشتہ تین سالوں کی سالانہ کارکردگی کیا ہے؛

(ب) آیا ترقیاتی منصوبوں کیلئے عوامی نمائندگان سے مشاورت کی جاتی ہے، اگر نہیں تو وجوہات بیان کی جائیں؟

جناب رحیم داد خان {سینیئر وزیر (منصوبہ بندی ترقی و توانائی)}: (الف) سپیشل ڈیویلپمنٹ یونٹ (SDU) محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات کاایک ذیلی ادارہ ہے جو 1985 سے قائم ہے۔ یہ ادارہ صوبہ میں اہم علاقائی ترقیاتی پراجیکٹس کی نگرانی اور تکنیکی معاونت کی فراہمی کے فرائض سرانجام دیتاہے اور ان پراجیکٹس سے متعلق مختلف امور مثلاً (ڈونرسے رابطہ پراجیکٹس کی مانیٹرنگ اور ایویلیویشن، فزیکل اور فنانشل پراگریس کا جائزہ آڈٹ کے معاملات وغیرہ) کی دیکھ بھال کرتا ہے تاکہ ان پراجیکٹس کی بطریقہ احسن و بروقت تکمیل کو ممکن بنایا جاسکے۔ علاقائی منصوبوں کیلئے قائم پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹس سالانہ ورک پلان تیار کرتے ہیں جن کی منظوری SDU کی وساطت سے محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات سے عمل میں لائی جاتی ہے۔ نیز ہر منصوبہ کی Implementation کیلئے SDU کی وساطت سے فنڈز مہیا کئے جاتے ہیں۔ گزشتہ تین سالوں میں SDU کی کارکردگی کا جائزہ رپورٹ فراہم کی گئی۔

Economic Analysis Section محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات کے دوسرے سیکشنوں کی طرح ایک باقاعدہ سیکشن ہے جسکو متفرقہ کام تفویض کئے گئے ہیں۔

ضلعی حکومتوں کے سلسلے میں یہ سیکشن صوبائی مالیاتی کمیشن کے تحت اضلاع کو ملنے والی ترقیاتی رقوم کی سہ ماہی مانیٹرنگ واجلاس بلانے کے ساتھ ساتھ معمول کے معاملات کو پراسیس کرتاہے۔ نیز Disaster Management کے سلسلے کے تحت پالیسی، ڈیویلپمنٹ کی پڑتال وسفارشات مرتب کرنے کے علاوہ PaRRSA، PDMA، اور PERRA کے محکمہ جاتی معاملات پر کارروائی کرتا ہے۔ یہ

سیکشن ہر سال وائٹ پیپر کا ترقیاتی حصہ اور صوبائی اسمبلی کیلئے بجٹ تقریر میں شامل ترقیاتی بجٹ کا حصہ تیار کرتا ہے، صوبائی و وفاقی سطح پر مرتب ہونے والی پالیسی تجاویز کی پڑتال اور ان سے متعلقہ سفارشات کی تیاری بھی اس کے فرائض میں شامل ہے۔ اس طرح سماجی تحفظ کے شعبہ سے متعلق اصلاحاتی پروگرام شروع کرنے کا ارادہ ہے۔ اس سیکشن نے گزشتہ تین سالوں میں UNICEF / DFID کے اشتراک سے MISC سروے کا صوبہ پختونخوا کے تمام اضلاع میں انعقاد کیا جبکہ گزشتہ سال معاشی ترقی کا لائحہ عمل مرتب کیا، علاوہ ازیں زرعی یونیورسٹی کے اشتراک سے Think tank قائم کیا جس کی سفارشات اس سال کے ترقیاتی پروگرام میں بھی شامل کی گئی ہیں۔

(ب) جی ہاں۔

جاری ترقیاتی پراجیکٹس

پراجیکٹ کا نام	نام ضلع	کل لاگت	ریمارکس
تورغر ایریا ڈیویلپمنٹ پراجیکٹس	تورغر	1406.079	Revised PC I کی منظوری ECNEC سے 26.5.2011 کو لی گئی۔
کوہستان ایریا ڈیویلپمنٹ پراجیکٹ	کوہستان	933.35	پراجیکٹ کا دورانیہ دسمبر 2010 سے بڑھا کر جون 2012 کیا گیا۔
باچاخان پاورٹی ایلیویشن پروگرام	مردان، بٹگرام، کرک اور دیر (اپر)	1500.00	جس کی منظوری PDWP نے 24.11.2008 کو دی۔ اکتوبر 2009 میں شروع ہوا۔
RAHA Program (Refugees Affected &Hosting Areas)	پشاور، نوشہرہ، صوابی، ہری پور	8037.00	اکتوبر 2009 میں شروع ہوا۔
Linkages of Nara Amazai and Bait Gali U/C of Distt Haripur with Tor Ghar Area of Mansehra	2 یونین کونسل آف ڈسٹرکٹ ہری پور	193.403	جسکی منظوری CDWP نے 26.07.2007 کو دی۔ جسکا دورانیہ بڑھا کر جون 2012 تک کر دیا۔

دیر ایریا سپورٹ پراجیکٹ	دیر (اپر اور لوئیر)	1556.4	اکتوبر 2009 کو کامیابی سے مکمل ہوا۔
واڑی ایریا ڈیویلپمنٹ پیکج 3796.523	دیر (آپر)	272.340	نومبر 2009 کو کامیابی سے مکمل ہوا
	بونیر، شانگلہ، سوات اور ملاکنڈ ایجنسی	3796.523	مارچ 2009 کو کامیابی سے مکمل ہوا
بارانی ایریا ڈیویلپمنٹ پراجیکٹ	بٹگرام کوہاٹ بنوں ہنگو کرک ایبٹ آباد، ہری پور، لکی مروت، کوہستان، مانسہرہ اور کرزئی ایجنسی	6069.3	ستمبر 2009 کو کامیابی سے مکمل ہوا

03 _ محترمہ نور سحر: کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع مانسہرہ میں بارانی پراجیکٹ کے ذریعے ترقیاتی کام کئے گئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ پراجیکٹ کس کے کہنے پر کام کا تعین کرتا ہے، کیا ہر ضلع کے صوبائی حلقوں میں سکیمیں برابری کی بنیاد پر دی جاتی ہیں؛

(ii) مذکورہ پراجیکٹ کی موجودہ صورتحال کی تفصیل فراہم کی جائے نیز اس کے مکمل / نامکمل اور جاری کاموں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

جناب رحیم داد خان {سینیئر وزیر (منصوبہ بندی ترقی و توانائی)}: (الف) جی ہاں یہ درست ہے۔

(ب) (i) یہ پراجیکٹ تنظیم سازی کے طریقہ کار پر کام کرتا ہے جس میں SRSP(NGO) تنظیم سازی کا کام کرتی تھی اور تنظیم کے ارکان کے باہمی مشورے سے ایک قرارداد کے ذریعے سے اپنی ضروریات کی نشاندہی ترجیحی بنیادوں پر کرتے تھے۔ قرارداد کی روشنی میں سماجی اور تکنیکی جائزہ (Feasibility Report)، این جی او سٹاف، تکنیکی عملہ اور کنسلٹنٹ سکیم کی نوعیت کے مطابق اپنی رائے کا اظہار کر کے ترجیحی سکیم کا تعین کرتے تھے کیونکہ Demand Driven اور کمیونٹی 'بیسڈ' پراجیکٹ تھا، اسلئے اس میں صوبائی حلقوں میں سکیمیں برابری کی بنیاد پر تقسیم کا تصور نہیں تھا۔

(ii) پراجیکٹ ستمبر 2010 میں بند ہو چکا ہے اس لئے جاری سکیم نہیں ہے۔ منصوبہ کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

26 ۔ محترمہ نور سحر: کیا وزیر داخلہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) پولیس شہداء کے بھائی یا بیٹوں کو خصوصی طور پر بھرتی کیا جاتا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع اپر دیر سپیشل پولیس فورس کے کانسٹیبل ناصر خان یکم جون 2011 کو دوران ڈیوٹی شہید ہوئے تھے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کانسٹیبل ناصر خان کے بھائی کو متعلقہ ڈی پی او صاحب کی سفارش کے باوجود کیوں بھرتی نہیں کیا گیا ہے، نیز گزشتہ چار سالوں میں سپیشل پولیس فورس کے کتنے اہلکار شہید ہوئے اور کتنے شہداء کے بھائی یا بیٹوں کو نظر انداز کیا گیا ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) کانسٹیبل ناصر خان شہید کے بھائی سلیم خان نے بحیثیت PASI بھرتی ہونے کیلئے درخواست دی تھی مگر شہداء پیکج محکمہ پولیس صوبہ خیبر پختونخوا میں کنٹریکٹ یعنی سپیشل پولیس فورس کے ملازمین کے بچوں اور بھائیوں کو شہید کوٹہ پر بحیثیت PASI بھرتی کرنے کی گنجائش نہ ہونے کی وجہ سے بھرتی نہیں کیا ہے، نیز گزشتہ چار سالوں کے دوران خیبر پختونخوا میں کل 43 SPOs شہید ہو چکے ہیں جن کی ضلع وائز تفصیل درج ذیل ہے:

اضلاع	تعداد شہداء	لواحقین کی بحیثیت کانسٹیبل بھرتی	کیفیت
پشاور	6	2	4 شہداء کے ورثاء نے بھرتی کیلئے درخواست نہیں دی ہے
تورغر	4	2	2 شہداء کے ورثاء نے بھرتی کیلئے درخواست نہیں دی ہے
سوات	18	2	16 شہداء کے ورثاء نے بھرتی کیلئے درخواست نہیں دی ہے۔
دیر لوئر	4	-	شہداء کے ورثاء میں سے کسی نے بھی

			بھرتی کیلئے درخواست نہیں دی ہے۔
شانگلہ	4	2	2 شہداء کے ورثاء بھرتی کے معیار پر پورے نہیں ہیں۔
دیراپر	5	-	شہداء کے ورثاء میں سے کسی نے بھی بھرتی کیلئے درخواست نہیں دی ہے۔
ڈی آئی خان	2 Ex-Serviceman	-	شہداء کے بیٹے کم عمری کی وجہ سے محکمہ پولیس میں بھرتی نہیں ہوئے۔

27 _ محترمہ نورسحر: کیاوزیر داخلہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) مختلف اضلاع میں گزشتہ چار سالوں میں سپیشل پولیس فورس میں بھرتی کی گئی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو بھرتی کی تعداد، ضلع وائز ریگولر ہونے والوں کی تعداد، ریگولر نہ ہونے والوں کی تعداد اور ریگولر نہ کرنے کی وجوہات بھی فراہم کی جائیں؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں۔

(ب) جن اضلاع میں سپیشل پولیس فورس کی بھرتی ہوئی تھی انکی تفصیل درج ذیل ہے:

اضلاع	بھرتی شدہ	ریگولر کئے گئے	ریگولر نہیں کئے	وجوہات
پشاور	1300	-	1300	سپیشل پولیس فورس کیلئے معیار ریگولر پولیس سے کم ہے اس لئے انکو ریگولر نہیں کیا جاسکتا۔ ایسا کرنے سے کم معیار/استعداد کی بہت بڑی تعداد پولیس میں آئے گی جس سے خزانے پر بوجھ پڑے گا
چارسدہ	500	-	500	ضلع ہذا میں کانسٹیبل کی کوئی خالی اسامی نہیں ہے اور نہ ہی کوئی بھرتی کی گئی ہے۔ لہذا کوئی بھی SPOs ریگولر نہیں ہو سکے۔
نوشہرہ	200	38	162	سال 2010 میں ریگولر خالی اسامیوں پر بھرتی کے لئے درخواستیں طلب کی گئیں تھیں۔ جس میں سے ضلع ہذا کے دو سو SPOs نے بھی درخواستیں دی تھیں

				جن میں سے 38 امیدواروں کے کوائف پولیس میں ریگولر بھرتی کے لئے صحیح پائے گئے، لہذا بمنظوری جناب آئی جی پی صاحب خیبر پختونخوا بحوالہ انگریزی چٹھی نمبری 17671/E-11 مورخہ 15/7/12 ریکروٹ کمیٹی کی نگرانی میں SPOs 38 کو بحیثیت ریگولر کانسٹیبل بھرتی کیا۔
تورغر	300	1	299	ان پڑھ ہونے کی وجہ سے ریگولر نہیں ہوئے۔
سوات	4008	95	2928	11 جون سوات لیوی میں بھرتی ہوئے ہیں 974 جوان بوجہ غیر حاضری برخاست ہوئے ہیں اور بقایا ریگولر پولیس کے معیار پر پورے نہیں ہیں۔
دیر لوئر	1050	27	1023	ریگولر پولیس کے شرائط پر پورے نہ ہونے کی وجہ سے ریگولر نہیں ہوئے
دیر اپر	650	56	594	ریگولر پولیس کے شرائط پر پورے نہ ہونے کی وجہ سے ریگولر نہیں ہوئے۔
شانگلہ	800	40	760	ریگولر پولیس کے شرائط پر پورے نہ ہونے کی وجہ سے ریگولر نہیں ہوئے۔
بونیر	800	21	779	ریگولر پولیس کے شرائط پر پورے نہ ہونے کی وجہ سے ریگولر نہیں ہوئے۔
چترال	200	-	200	جب بھی حکم ملا تو معیار پر پورے افراد کو ریگولر کیا جائے گا۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: معزز اراکین نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں: وجیہہ الزمان خان 03-09-2012، پرنس جاوید صاحب 03-09-2012 و 04-09-2012، ثناء اللہ خان میاخیل 03-09-2012 و 04-09-2012 اور انور خان صاحب 03-09-2012 و 04-09-2012 کیلئے تو:

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The leave is granted.

مسئلہ استحقاق

Mr. Speaker: Mr. Abdul Akbar Khan, to please move his privilege motion No. 186.

جناب عبدالاکبر خان: تھینک یو، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، یہ پی سی ایس سیکرٹریٹ گروپ کے جو تین بیجز تھے، ان کی Conversion کے متعلق میں نے یہاں پر ہاؤس میں موشن پیش کی تھی اور ہاؤس نے اس کو لاء ریفارمز کمیٹی کے حوالے کیا تھا اور آپ اس کمیٹی کے چیئرمین تھے اور اس کمیٹی نے Unanimously یہ Decision لیا تھا اور اس کو Approve کیا تھا۔ پھر وہ رپورٹ پراونشل اسمبلی میں آئی اور اسمبلی نے بھی اس کو Unanimously adopt کیا تھا، مطلب ہے کسی نے بھی اس کی مخالفت نہیں کی تھی۔ میں حیران ہوں کہ ابھی تک وہ جو رپورٹ لاء ریفارمز، اس کمیٹی کو تو چھوڑیں لیکن جو اسمبلی نے Unanimously adopt کی ہے اس پر عمل نہیں ہو رہا ہے تو یہ تو میری پریویلج موشن نہیں ہے جناب سپیکر؟ یہ تو اس سارے ہاؤس کا، لاء ریفارمز کمیٹی کا اور آپ کا، جس کے آپ چیئرمین تھے، اس کمیٹی کے، یہ تو ان سب کا جو ایک وہ ہے Privilege breach ہوا ہے کہ ایک Decision جو اسمبلی Unanimously ایک کمیٹی کے حوالے کرتی ہے، اس کمیٹی میں ڈیپارٹمنٹس کے لوگ ہوتے ہیں جناب سپیکر، وہ اس کو Approve کرتے ہیں Unanimously، اور پھر اب سیکرٹریٹ اس رپورٹ کو اسمبلی میں لاتا ہے اور پھر اسمبلی بھی اس کو Unanimously adopt کرتی ہے اور پھر چھ مہینے اور پانچ پانچ مہینے گزر جاتے ہیں اور اس پر کوئی عمل درآمد، اس طرف کوئی توجہ ہی نہیں دیتا جناب سپیکر، ہم تو حیران ہیں کہ ہم کدھر جائیں؟ ہمارے پاس تو اور کوئی فورم ہی نہیں ہے، ہمارے پاس تو یہی ایک فورم ہے، اگر اس کی بات کو Unanimously جناب سپیکر، مطلب یہ کہ گورنمنٹ بھی اس کے ساتھ Agree ہے، کسی منسٹر نے اس کی مخالفت نہیں کی، کسی نے بھی اسکو Oppose نہیں کیا تو Unanimously کا مطلب یہ ہو گیا کہ سارے ہاؤس نے، 124 ممبران نے اس کو Adopt کیا، Accept کیا اور ابھی تک جناب سپیکر، اس پر عمل نہیں ہو رہا ہے، تو آپ ہمیں بتائیں کہ یہ ہم کدھر جائینگے، اس کے بعد کیا ہم بھی کورٹ میں چلے جائیں جی؟! اسمبلی نے Unanimously اس کو پاس کیا ہے اور اس پر عمل درآمد نہیں ہو رہا ہے، ہمیں تو سمجھ نہیں آ رہی ہے کہ کیوں نہیں ہو رہا ہے جناب سپیکر؟

جناب سپیکر: ایک پریویلج موشن 'موو' توکریں۔

جناب عبدالاکبر خان: تو سر، میں نے یہ 'موو' کی کہ This is breach، تو Breach ہے اور اس کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

جناب سپیکر: پہلے گورنمنٹ سے سن لیتے ہیں نا، تو پھر اس پر اگر آگے آپ مطمئن نہیں۔۔۔۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): اس میں ایسا ہے سر کہ ریکویسٹ تو یہی ہو گی کہ فی الحال Press نہ کریں، یہ سمری اسٹیبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ نے بنا کر چیف منسٹر صاحب کو بھجوادی ہے اور میرے خیال میں چند دنوں کی بات ہے، ان شاء اللہ یہ ہو جائیگا۔ تو یہ مہربانی کرکے Press نہ کریں۔

جناب سپیکر: نہیں بس اس کو میں فائل کروں، ختم کروں؟

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب، جس طرح منسٹر صاحب نے کہا کہ چونکہ چیف منسٹر کے پاس سمری گئی ہے Approval کیلئے تو اس وقت تک۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ تو ہو گیا نا، مطلب یہ ہے کہ ہو گئی ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں۔

جناب سپیکر: ایکشن لیا گیا ہے، Not pressed لیکن پھر ہاؤس کو Inform کرینگے نا کہ یہ جو بھی گورنمنٹ سے وہ ہو جائے تو اسمبلی کو Inform کیا جائے۔

تحریک التواء

Mr. Speaker: Israrullah Khan Gandapur, to please move his adjournment motion No. 327 in the House. Israrullah Khan, please.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: تھینک یو، سر۔ جناب سپیکر، ایوان کی کارروائی روک کر اس اہم اور فوری نوعیت کے مسئلے پر بحث کی اجازت دی جائے، وہ یہ کہ ضلع ڈیرہ کے ایک قانونگو کو اپنے ایک سال کے Tenure سے پہلے محض اس بنیاد پر تبدیل کیا گیا کہ بعض بااثر افراد اس کے ذریعے سرکاری زمین جو کہ تقریباً 3400 کنال پر مشتمل ہے، کی الاٹمنٹ ایک ایسے عدالتی فیصلے کی بنیاد پر کروانا چاہتے ہیں جس کا کوئی ریکارڈ موجود نہیں اور جس سول جج کے نام سے فیصلہ منسوب ہے، اس کے متعلق سننے میں یہ آیا ہے کہ انہوں نے ڈی آئی خان سرکٹ ہاؤس میں خود کشی کر لی ہے۔ اس واقعے سے قانونگو کو نشانہ بنا کر حکومت کی نہ صرف بد نامی ہو رہی ہے بلکہ کابینہ کے فیصلے کی بھی خلاف ورزی ہو رہی ہے کہ محکمہ مال میں کم از کم تعیناتی ایک سال ہو۔ مختصر بات کے بعد مناسب حل تجویز کیا جائے۔

سر، اس میں میری گزارش یہ ہو گی کہ یہ ایک انتہائی اہم مسئلہ ہے اور اس کی روئیداد کے Documented proofs میرے پاس موجود ہیں۔ چند دن پہلے جب اجلاس تھا تو منسٹر صاحب کے نوٹس میں بھی میں لایا تھا اور اس کو باقاعدہ کلکٹر نے یہ لکھ کے دیا ہے کہ آپ کا Tenure مکمل نہیں ہے لیکن ہمیں اوپر سے منسٹر صاحب کی طرف سے چونکہ کہا گیا ہے تو ہم آپ کو تبدیل کرتے ہیں۔ میں نے منسٹر صاحب سے یہ کہا تھا کہ اس چیز پر اگر ہاؤس میں بات کروں تو اس میں قسم قسم کی قیاس آرائیاں ہوں گی تو آپ مہربانی کر کے اس کو اپنے لیول پہ دیکھ لیں کہ اس میں کیا مسئلہ ہے؟ لیکن باوجود اس کے کہ منسٹر صاحب نے مجھے یہاں یقین دہانی کرا دی، اس کے بعد میں نے کئی بار کوشش کی لیکن ان سے رابطہ نہیں ہوا۔ مسئلہ سر، یہاں پہ ایک قانونگو کی تبدیلی کا نہیں ہے، مسئلہ سر یہ ہے کہ ایک سٹیٹ لینڈ کے متعلق اس قانونگو کو کہا گیا کہ آپ جناب ایسا کریں کہ یہ عدالتی فیصلہ ہے اور اس پہ سنٹرل گورنمنٹ کی جو زمین ہے، آپ فلاں شخص کو انتقال کر دیں۔ اس نے کہا کہ جس موضع یا جو میرا حلقہ ہے، اس کے تحت تو یہ اتنی سٹیٹ لینڈ میرے پاس Available نہیں ہے اور دوسرا یہ جو فیصلہ آیا ہے، اگر اس کا کوئی عدالتی ریکارڈ Bailiff کے ذریعے یا کوئی پراسیس کے ذریعے مجھ تک پہنچے، پھر بھی ایک بات ہے، میں دیکھوں گا یا تحصیلدار تک ایک رپورٹ بھیجونگا لیکن اس کو کہا گیا کہ اگر آپ یہ نہیں کریں گے تو ہم آپ کو ہٹا دیں گے۔ تو سر، بات یہ ہے کہ اگر اس قسم کے سکینڈلز آئیں، 3400 کنال ڈی آئی خان جیسی زرخیز زمین جہاں پہ ہو، جہاں پہ نہری نظام بھی کافی اچھا ہے تو میری سر یہ گزارش ہو گی کہ اگر آپ مناسب سمجھیں، اس کو کمیٹی کے حوالے کرتے ہیں، آپ مناسب سمجھیں، اس کو اپنے چیمبر میں حل کرتے ہیں کیونکہ سر، یہ ایک مسئلہ ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اس کا ازالہ ہونا چاہیئے۔

<u>جناب سپیکر:</u> پہلے گورنمنٹ سے سن لیتے ہیں نا، تو ابھی ریونیو منسٹر کہاں ہے وہ؟

<u>بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون):</u> مجھے تو کوئی انسٹرکشنز نہیں ہیں جی، تو میرے خیال میں اس کو اگر پینڈنگ چھوڑ دیں، ریونیو منسٹر صاحب آ جائیں تو۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> میرے خیال میں اس کو پینڈنگ رکھ لیتے ہیں یا چیمبر میں بلاتے ہیں، کل ادھر ایشو Resolve کرتے ہیں ۔۔۔۔۔

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u> سر، میری گزارش یہ ہو گی کہ اگر آپ ان کو چیمبر میں بلالیں، کل میں آپ تک وہ تمام ان کے Documented proofs بھی لے آؤں گا اور اس عملے کو بھی لے آؤں گا۔

جناب سپیکر: یہ آنریبل منسٹر صاحب کو Inform کریں کہ وہ کل کے اجلاس میں ضرور آئیں تاکہ یہ مسئلہ ختم ہو جائے۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: تب تک سر، اس کو پھر پینڈنگ رکھ لیتے ہیں۔

جناب سپیکر: کل تک پینڈنگ کر لیتے ہیں۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: ٹھیک ہے، OKay۔

جناب سپیکر: کل چیمبر میں آ جائیں گے، آپ کی تسلی کرا لیں گے، جو بھی ہے۔

Mr. Israrullah Khan Gandapur: Right, thank you. Okay Sir.

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Speaker: Ji, 'Call Attention Notices': Zubiada Ihsan Sahiba, to please move her call attention notice No. 738.

محترمہ زبیدہ احسان: تھینک یو، مسٹر سپیکر۔ سپیکر صاحب، دا هغه ورځ هم په فلور باندې راغلے وو زما دا توجه دلاؤ نوټس، خو منسټر صاحب نه وو۔ اصل خبره دا ده چې لیډی ریډنګ هسپتال ټولو ته معلومه ده چې دا د دې صوبې ټولو نه لوئے هاسپټل دے او جی دلته کښې د فیمیل ډاکټرز یعنی هاؤس آفیسرز چې کوم وی، هغه 'فل' ټائم هلته ډیوټی کوی او سر ټی ایم اوز چې کوم وی، تقریباً اړتالیس ګهنټې یا باون ګهنټې هغوی ډیوټی-----

جناب سپیکر: پہلے یہ آپ پڑھیں 'موو' کریں، پھر اس کے بعد اس پہ بات کریں جی۔

محترمہ زبیدہ احسان: میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں اور وہ یہ کہ لیڈی ریڈنگ ہسپتال میں فیمیل ڈاکٹرز کیلئے علیحدہ ہاسٹل کا فی الفور انتظام کیا جائے کیونکہ ہاؤس آفیسرز اور فیمیل ڈاکٹرز کیلئے ہاسٹل نہیں ہے اور معلوم ہوا ہے کہ جو میڈیکل کالج بن رہا ہے تو اس کیلئے بھی ہاسٹل کی ضرورت ہو گی، اس لئے پہلے جن لوگوں نے اتنے سالوں سے تکلیف اٹھائی ہے، ان کا مسئلہ حل کیا جائے اور Existing Hostel کیلئے Overhead bridge تعمیر کیا جائے کیونکہ 'ملک سعد فلائی اوور' کی وجہ سے اس کی اشد ضرورت ہے۔

سپیکر صاحب، هلته کښې دا چې کوم Existing Hostel دے، هغه خو داسې دے چې یو کمره کښې 'میل' وی او بله کښې 'فیمیل' وی نو 'میل' یا خو ډاکټر وی یا نه، یا د هغوی فیملی یا د هغوی څه ملګری ناست وی نو هغه زنانه

بالکل بهر نشی راوتلې، هغوی چې څنګه هاسټل ته راشی کمره بند کړی۔ یو خو 'فل' ټائم هغوی لکه په بند ور نشی کښیناستې او بله خبره دا ده چې هغه داسې اوده وی که تاسو د هغوی حالت اوکتو، که یو کميټی جوړه کړئ او د هغوی حالت وګورئ نو هغې ته هاسټل وئیل هم نشی کیدے۔ یعنی هغه داسې بوسیده حالت کښې دے، د هغې نه اوبه نه اوځی، بالکل شین دے، هغې کښې چې اوبه ولاړې وی، یو کمره کښې جینکئ وی نو بله کښې 'میل' ډاکټرز وی او بله خبره دا چې دا ډاکټران چې کوم وی، دومره ګهنټې ډیوټی کوی نو هغوی ته خو د آرام ضرورت وی نو هلته د هغوی داسې کښې آرام نه کیږی۔

جناب سپیکر: Environment هلته کښې مطلب ستاسو په خیال ټهیک نه وی؟

محترمہ زبیدہ احسان: نه جی، هغوی له ځان له د هاسټل ضرورت دے۔

جناب سپیکر: ودریږه نن له خیره سره وزیر صاحب راغلے دے جی، لږ به دوئ واؤرو کنه۔

محترمہ زبیدہ احسان: نو وزیر صاحب راغلے دے نو مونږ به دا فائده هم واخلو چې دوئ ته، ما مخکښې هم منسټر صاحب ته وئیلې وو چې هلته کښې د ګائنی چې کوم وارډز دی نو په هغې یو یو بیډ باندې څلور، مخکښې یو کوئسچن هم په دې راغلے وو چې په یو بیډ باندې څلور څلور مریضانې پرې پرتې وی، نو هغه خو دغه یو دوائیانې ورته په کټ کښې په لفافو کښې پرتې وی نو اکثر هغه دوائیانې ګډې وډې شی، هغې کښې هم مسئله جوړه شی، هغه چېنونه ئے هم ګډ وډ شی، هغې کښې هم مسئله جوړه شی او بله خبره دا ده چې ما منسټر ته اووئیل که تاسو داسې چې کوم نوے بلډنګ جوړیږی، هغې کښې د د ګائنی وارډ وی او د ګائنی د بیډز زیات کړی ځکه چې بیډز اوس هم کم دی۔ تاسو یقین وکړئ چې زنانه په فرشونو باندې پکښې پرتې وی۔ څلور څلور په بیډز وی، نورې په فرشونو پرتې وی-----

جناب سپیکر: وہ تو آپ کی بات بالکل صحیح ہے، کیونکہ یہ بازاروں میں دیکھتے ہیں تو پتہ چل رہا ہے کہ ہماری Growth of population کتنی تیز ہے اور بڑا ہا سپٹل ہے، منسٹر صاحب سے سن لیں۔

محترمہ زبیدہ احسان: نہ جی، هغه خو بيله مسئله ده، هغه بيله مسئله ده خو مسئله دا ده چې کوم يو ناجوړه شي نو هغوی ته خو پکار وی چې هغوی ته خو بيډ ملاؤ شي کنه۔

جناب سپیکر: ودريږه جی، وزير صاحب ته ګورو نو بيا۔۔۔۔۔

محترمہ زبیدہ احسان: او جی، وزير صاحب ته جی، فائده به دې نه واخلو۔

Mr. Speaker: Yes ji. Honourable Minister for Health ji, please.

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): شکریہ، جناب سپیکر۔ ان کی بات بالکل بجا ہے کہ وہاں پہ فیمیل علیحدہ ہاسٹل نہیں ہے، ٹی ایم اوز کا ہاسٹل ہے۔ ہم نے لیڈی ڈاکٹرز کو وہاں پہ Accommodate کیا ہوا ہے۔ سب سے بڑی وجہ اور جو پرابلم ہے وہاں پہ، وہ Space کا ہے اور اس وقت انہوں نے ایک دوسری بات بھی کی گائنی کے حوالے سے، تو اس وقت لیڈی ریڈنگ ہاسپٹل میں ایک میڈیکل اینڈ الائیڈ بلاک بن رہا ہے جو گیارہ منزلہ بلڈنگ ہے اور اس میں تقریباً ساڑھے چھ سو سے لیکر سات سو بیڈز کی Capacity ہو گی تو اس کے بنانے کی 'بیسک' وجہ یہ تھی کہ اب لیڈی ریڈنگ پہ 'ڈیلی' اوپی ڈی جو ہے تو آٹھ سے نو ہزار لوگ آتے ہیں جو کہ اوپی ڈی میں جاتے ہیں اور اسی طریقے سے ہر وارڈ کے اوپر کافی 'رش ہے، تو ہم یہ بلاک جب بنائیں گے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ نو ہزار per day؟

وزیر صحت: نو ہزار Per day OPD ہے، یہ اس کی اوپی ڈی ہے، آٹھ سے نو ہزار 'ڈیلی' لوگ وہاں پہ صرف اوپی ڈی میں آتے ہیں تو اس سلسلے میں ہم جب یہ بلڈنگ، اب یہ منصوبہ ہے، اس پہ ٹائم تو لگے گا، اس پہ کام شروع ہو چکا ہے اور یہ جتنی بھی 'سنگل سٹوری' بلڈنگز ہیں، وہاں پہ رہ گئی ہیں، میڈیکل اے وارڈ ہے، میڈیکل بی وارڈ ہے، سی وارڈ ہے، ڈی وارڈ ہے، جتنی 'سنگل سٹوری' بلڈنگز ہیں، ہم نے ان کو Demolish کرنا ہے اور اپنے لئے Space پیدا کرنا ہے اور یہ بلڈنگ جو اس وقت بن رہی ہے میڈیکل اینڈ الائیڈ بلاک، یہ چودہ کنال کے اوپر بن رہی ہے، پوری کی پوری چودہ کنال بلڈنگ ہو گی اور یہ Eleven storied ہو گی اور اس میں یہ تمام جو مسائل۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ کس پراسیس میں ہے جی؟

وزیر صحت: اس پہ کام شروع ہو چکا ہے، یہ دوسری چھت پہ پہنچ چکے ہیں، ساری ٹینڈرنگ مینڈرنگ، سب کچھ ہو چکا ہے، کام ہو رہا ہے۔ پچھلے ڈیڑھ سال سے اس پہ کام ہو رہا ہے، دو تین سال لگیں گے، دو تین

سال ضرور لگیں گے جی اور یہ انہوں نے بالکل ٹھیک کہا کہ اب بیڈز اگر پچاس ہیں اور مریض دو سو ہیں تو ہمارے پاس توان کو اور Accommodate کرنے کی جگہ نہیں ہے، ساتھ ہی ساتھ ادھر ایڈیشنل بیڈز ڈال دیتے ہیں کیونکہ کسی کو ہم Refuse نہیں کر سکتے کہ کوئی آ جائے اور ہم اس کو کہیں کہ ہمارے پاس جگہ نہیں ہے۔ میری یہ انسٹرکشنز ہیں کہ جو بھی آئے کیونکہ اس کو پھر ہم کہاں ریفر کریں گے؟ وہ تو Already refer ہو کے لیڈی ریڈنگ آ چکا ہے، تو لہذا اس میں ٹائم لگے گا اور یہ جہاں تک ہاسپٹل کا تعلق ہے، جب تک ہمارے پاس Spaces available نہیں ہوتیں، اس وقت، No doubt کہ اس وقت۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: نہیں، 'میل' کو علیحدہ فلور پہ رکھا ہوا ہے؟

<u>وزیر صحت</u>: وہ علیحدہ رکھا ہوا ہے، ان کو علیحدہ رکھا ہوا ہے لیکن انہوں نے کہا کہ ٹی ایم اوز کا ہاسٹل نہیں ہے، ٹی ایم اوز ہاسٹل ہے اور انہوں نے 'ملک سعد فلائی اوور' کی بات کی تو مجھے اس بات کی سمجھ نہیں کہ 'ملک سعد فلائی اوور' کے ساتھ اس ڈاکٹر ہاسٹل کا کیا تعلق ہے؟ وہ تو Altogether ایک Different جگہ سے گزر رہا ہے، اس کے ساتھ اس کا As such کوئی تعلق نہیں ہے۔ تو اب میری ایک بات سمجھ میں نہیں آئی لیکن یہ ہے کہ ہم نے لیڈیز کو بالکل ٹی ایم اوز ہاسٹل میں رکھا ہوا ہے اور اس میں ایک فلور پہ لیڈیز ہیں۔ اس میں بعض اوقات ایسا پرابلم آ جاتا ہے کہ لیڈی ڈاکٹرز کو، ایم او کو کمرہ چاہیئے ہوتا ہے تو بجائے اس کے کہ اس کو ہم کہیں کہ ہمارے پاس کمرہ ہی نہیں ہے، جاؤ، تو ہم ان سے 'چوائس' لے لیتے ہیں کہ اگر آپ یہاں پہ رہنا چاہیں تو ان کی مرضی، اگر نہیں رہنا چاہیں تو پھر وہ ہم ان سے چوائس لیکر اس کے مطابق کام کرتے ہیں تو یہ جگہ کی Existence کا پرابلم ہے، اس میں کوئی شک نہیں ہے، میں ان کی بات سے Agree کرتا ہوں لیکن ہمارے پاس Space کی Validity نہیں ہے۔ جب تک یہ ہماری یہ 'مین' بلڈنگ بن نہیں جاتی اور یہ باقی جو Single storied structures ہیں، وہ Demolish نہیں ہو جاتے، اس وقت تک یہ پرابلم رہے گا اور لوگوں کو گزارہ کرنا پڑے گا۔

<u>جناب سپیکر</u>: یہ تو ٹھیک ہے لیکن اتنی بڑی او پی ڈی اور اتنا 'ہیوی' رش اور پھر گائنی کا خاص کر لیڈیز کا مسئلہ بہت Painful مرحلہ، اگر چار چار Patients ایک بیڈ پہ ہوں تو۔۔۔۔۔

وزیر صحت: نہیں چار Patients تو نہیں ہو سکتے ایک پہ، یہ تو خیر سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ چار خواتین ایک بیڈ پہ ہوں۔ وہ کس طریقے سے ایسے لیٹیں تب بھی نہیں آتیں، ایسے لیٹیں تب بھی نہیں آتیں، کیسے آئیں گی؟ یہ تو میری عقل سے-----

جناب سپیکر: بی بی! یہ آپ کیا کہہ رہی ہیں کہ چار، وہ تو کہتے ہیں ایک بیڈ پہ آ بھی نہیں سکتیں؟

وزیر صحت: دو شاید آ جائیں تو میں نہیں کہہ سکتا لیکن چار تو میرا خیال ہے، یہ ادھر ابھی چار بیٹھی ہوئی ہیں، چار ایک بیڈ پہ لٹا کے دکھا دیں تو میں مان لوں گا۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر،

جناب سپیکر: میاں صاحب! ودریرہ دا بی بی لږه Satisfy شی، هغه ډیره موده پس پاڅیدلې ده۔جی۔

محترمہ زبیدہ احسان: 'مارننگ' کښې نه، زه ورته وایم چې ناساپه 'ایوننگ' کښې د لاړ شی، 'ایوننگ' کښې د ناساپه لاړ شی، اول نه اعلان مه کوئ چې زه به راځم، تاسو به اووینئ چې د هسپتال حالت څنګه دے چې هغې کښې چې کوم دا مریضان په کوم حالت کښې پراته وی؟ هغه ما ته څکه پته ده چې ماته اندرون پکښې زما به څوک وی نو زه خبر داره یم کنه، هسې خو ماته څه الهام خو به نه وی شوے خو څلور څلوریو بیډ باندې پرتې وی او Even په فرش باندې هم پکښې پرتې وی------

جناب سپیکر: جی شاہ صاحب۔

وزیر صحت: میں وقتاً فوقتاً ان کو بغیر بتائے کہ میں آ رہا ہوں، میں ضرور جاتا ہوں۔ میں ان سے Agree کرتا ہوں، میں ان سے Agree کرتا ہوں لیکن اب ہمارے پاس جو Space ہے، جتنے بیڈز ہیں اس کے اندر ایڈیشنل بیڈز ڈالتے ہیں، وہی ہم اسی چیز سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس کا واحد ابھی علاج ہے کہ آپ کے بھی علم میں ہے کہ ہم ایک ہاسپٹل جو شروع کرنے جا رہے ہیں، ادھر رنگ روڈ کے اوپر، جس کا نام بینظیر شہید ہاسپٹل ہے تو جب تک پشاور میں ایک اور ہاسپٹل، بڑا ہاسپٹل جو پانچ سو سے ہزار بیڈز کا حامل نہیں ہو گا تو اس وقت تک لیڈی ریڈنگ پہ ایسا ہی رش رہے گا اور جو 'فیسیلٹیز' جتنی، دیکھیں کہیں بھی آپ دیکھتے ہیں کہ کوئی مسئلہ ہوتا ہے تو سب سے پہلے لوگ لیڈی ریڈنگ پہنچتے ہیں، تو لیڈی ریڈنگ پہ لوگوں کا ایک اعتماد ہے اور وہ جب وہاں پہ آتے ہیں تو وہ Expect کرتے ہیں، اب لیڈی ریڈنگ والے اس

کو کہاں بھیجیں؟ وہ تو بڑی مشکل سے ان کے پاس آئے ہیں تو لہذا یہ تکلیفات موجود ہیں، اس کا واحد حل ہے کہ جو ہمارے اس پشاور میں ایک بڑا ہاسپٹل بنے گا تو یہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شاہ صاحب، وہ تو ضروری ہے کہ دوسرا بھی بن جائے، تیسرا بھی بن جائے لیکن ابھی Existing جو یہ لیڈیز اور گائنی کا میں نے خود بھی یہ سنا ہے کہ اس کا برا حشر ہے، اور کیا آپ کے، ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کا کیا ذہن میں ہے؟ کیونکہ نیا ہاسپٹل بھی پانچ سال لے گا، آپ کی یہ بلڈنگ پچاس سٹوری والی۔

وزیر صحت: اس کا ایک حل یہ ہم نے بنوایا ہے، جو "مولوی جی ویمن اینڈ چلڈرن ہاسپٹل"، اس کو ہم چاہتے ہیں کہ 24 hours چلے، ابھی اس وقت وہ 24 hours نہیں چل رہا تو جب یہ چلے گا، چل رہا ہے لیکن ابھی وہ لیٹ ٹائم سروسز دے رہا ہے شام کو، تو اس کو میرے علم میں، ڈیپارٹمنٹ نے اس میں یہ کیا ہے کہ اس کو، اس کے 'انڈر' کر دیتے ہیں لیڈی ریڈنگ کے کہ اگر یہاں پہ رش ہو تو یہاں پہ ریفر ہوں، وہاں پہ پروفیسرز اور یہ جو باقی سٹاف ہے، وہ موجود ہوں۔ یہ بھی دو سو بیس 'بیڈڈ' ہاسپٹل ہے تو یہ اس تکلیف کو کم کرنے میں لیکن وہ ہم مراحل میں اس کو لیڈی ریڈنگ کے ماتحت ہاسپٹل بنانا چاہتے ہیں کہ یہ۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: تو ادھر سے کچھ اچھے ڈاکٹرز ادھر بھیج دیں تاکہ ادھر Rush divert ہو جائے۔

وزیر صحت: نہیں جب یہ اس کا Constituent College ہو جائے گا تو Automatically جو پروفیسرز ہیں، ایسوسی ایٹ پروفیسرز ہیں، اسسٹنٹ پروفیسرز ہیں، وہاں پہ وزٹ کریں گے اور اس سے وہ کم از کم یہ جو اس وقت کا پرابلم ہے، وہ ہم اس طرح Sort out کر سکیں گے اور اسی کی بنیاد پہ اس ہسپتال کو بنایا گیا ہے۔

جناب سپیکر: جی بی بی؟ مائیک آن کریں بی بی کا۔

محترمہ زبیدہ احسان: جی ما یو قرارداد ورکړے وو چې د ګائنی د پاره ځان له آئی سی یو پکار دے ځکه چې آئی سی یو کښې بیډز ډیر کم دی نو چې کله د ګائنی هلته کښې څه بیډ خالی وی نو چې هغې له ګائنی مریض هغلته تلے شی او چې هلته بیډ خالی نه وی نو ګائنی مریض غریب هم داسې پروت وی نو په دېکښې اکثر هسې هم زنانه هلته راولی هسپتال ته چې هغه به څه اخرنئ سلګئ وهی نو چې آئی سی یو کښې هم بیا ځائې نه وی نو هغه خو بیخی نشی بچ کیدے نو آئی

سی یو د پاره ما مخې ته راغلودا په فلور باندې په ریکارډ به پروت وی چې ما ورکړے وو چې منسټر صاحب وئیل چې فنډ نشته نو که د هغوی د پاره ځان له یو آئی سی یو، یو څو بیډز ځان له جوړ کړی، د یو څلور بیډو ډیر نه، ځکه چې هلته کبنې په آئی سی یو کبنې بیډونه د مخکبنې نه کم دی نو چې د ګائنی مریض د پاره بیا ځائې نه وی نو هغوی د اسې خرابې شی۔

جناب سپیکر: دا خو پکښې بله یو ایشو هم راغله خو دوې سره به خدائے خبر د دې انفارمیشن وی که نه به وی؟

جناب ظاہر علی شاہ(وزیر صحت): زه به ورکړم، جواب به ورکړم۔

جناب سپیکر: جی جی۔

وزیر صحت: داسې ده د دوئ خبره چې ده، دا ټهیک ده خو ستاسو په علم کښې ده چې مونږ یو نوے ایمرجنسی لائف سیونګ سنټر جوړوؤ لګیا یو او ان شاء اللّٰہ End of December هغه Operational به شی۔ چې کوم Existing building دے چې په کوم ځائے A & E دے، دې وخت کښې نو په هغې کښېSpace به مونږ ته پیدا شی نو مونږ Already plan کړے دے ولې چې د دې آئی سی یو ډیر ضروری دے او دا هم مناسب نه ده چې مونږ سره هلته کښې یو آئی سی یو چې کوم ځائے کښې بنځې هم پکښې وی او خلق هم پکښې وی نو د هغې د پاره مونږ دا سوچ کړے دے چې دې له مونږ بل آئی سی یو لیډیز د پاره چې کم از کم Minimum six beds ICU وی چې که څه پرابلم وی نو هلته هغه Handle کولے شی خو دا به جنوری، فروری کښې Possible وی په Coming year کښې۔

جناب سپیکر: دا ایمرجنسی بلډنګ بنایئ تاسو، کیجولټی؟

وزیر صحت: هغه به Operational شی کنه جی۔

جناب سپیکر: دا خو دوئ یو شپږ ځله ماته اووئیل چې بس دې مخکښې میاشت کښې دوه کښېOperate کوؤ ئے۔

وزیر صحت: هغه به تاسو ته بل چا وئیلی وی ما خو نه دی وئیلی۔

جناب سپیکر: ستاسو هیلتھ سیکرټری ولاړ وو، دغه ولاړ وو، زه هغه وخت کښې ایکټنګ ګورنر وومه، هلته ئے ماته بریفنګ راکړے دے۔

وزیر صحت: هغه اوس چې تاسو د هر چا نه تپوس کوئ نو هغه بل شان جواب به ورکوی۔

جناب سپیکر: سیکرټری هیلتھ وو جی۔

وزیر صحت: بس زه نشم وئیلے، زه خو اوس بحیثیت، په دې فلور باندې دا وایم چې By end of this month هغه به Functional شی او دا چې کوم Facilities دی، دا به مونږ هغه بلډنګ ته شفټ کوؤ چې کوم ځائې کښې دې وخت کښې Existing A & E دے۔ ایمرجنسی سنټر دے نو هلته مونږ سره Space به پیدا شی نو دلته کښې به هم آئی سی یو هم شروع شی۔

جناب سپیکر: بی بی، نور ټائم به په دې نه اخلو، ستاسو که څه وی نو بیا چیمبر کښې کښېنئ ورسره په ټی بریک کښې، کال اټینشن نوټس باندې بس دومره کیدے شی چې دا څه جواب هغوی درکړو او دا هم زیات شو نو که نوره څه خبره وی نو په ټی بریک کښې چیمبر ته راشئ۔ دا جعفر شاه صاحب خو ډیر تکړه چیئرمین وو خو زما خیال دے د هغوی نه هم پاتې شوه، هغوی به هم درسره کښېنی او څه خبره جوړه کړئ جی۔ ملک بادشاه صالح صاحب، کال اټینشن نوټس نمبر 744۔

جناب بادشاہ صالح: *بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ تھینک یو، مسٹر سپیکر۔ میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ پچھلے بدترین سیلاب کی وجہ سے حلقہ PK-92 ضلع دیر بالا میں اکثر پل سیلاب کی نذر ہو گئے تھے لیکن ان پلوں میں کئی پلوں کے علاوہ ابھی تک کسی ایک پر بھی کام شروع نہیں ہو سکا اور عوام کو زبردست مشکلات کا سامنا ہے۔ لہذا حکومت وقت سے اپیل کی جاتی ہے کہ ان پلوں پر Priority basis پر کام شروع کیا جائے جس کی لسٹ محکمہ کے پاس موجود ہے۔*

جناب سپیکر صاحب، کوم هغه شدید بد ترین سیلاب چې راغلے وو، دې زما په حلقه کښې ایک سو چار پلونه ئے وړی وو، په دیکښې څوراسی غټ پلونه وو او دا نور واړه واړه د کلو پلونه وو۔ په دیکښې یو غټ پل وو، هغه خو آرمی، د وسپنې پل وو په 'مین' روډ وو، هغه هغوی کھلاؤ کړو، جوړ ئے کړو په دوه کالو کښې، په دیکښې بیا په بازئی کونسل دوه پلونو باندې او یو په پاتره

کونسل کښې چې په هغې باندې کار شروع دے ، باقي پلونه خو ، خلقو ته او قوم ته ډیر مشکلات دی چې ډیر ، د یو پل د وجې نه د ګرمیانو په موسم کښې ډیر د لرې فاصلې طے کوی او هلته راځی او په هغه ځائے باندې پوریوځی ، په ژمی کښې خو مونږ څه کوشش وکړو ، څه پروګرام جوړ شی خو په ګرمئ کښې ډیر زیات مشکلات سره هغوی مخامخ وی۔ حکومت ته زه درخواست کومه چې یره دغه وکړی او په دیکښې څه دغه ، څه ډیر ضروری پلونه چې هغه په تهرډ فیز ، بیا ورته وائې چې یره فرسټ فیز وو ، یو سیکنډ او یو تهرډ وو ، پلونه زمونږ ټول چې کوم وو ، هغه په تهرډ فیز کښې د محکمې سره شته دے او په هغې کښې شامل دی جی ، نو که په دغه باندې په څه پلونو باندې ، که په ټولو نه شی په څه باندې یا د بنیادونو Abutment چې کوم دے چې د دې پیسې ورکړے شی نو باقی مونږ قوم به چنده کوؤ ، مونږ به دا پلونه جوړ کړو۔ د دې د پاره به څومره پیسې لګی ، لرګے لګی ، هغه به مونږ Provide کړو۔

جناب سپیکر: ودریږه چې د ګورنمنټ نه واؤرو کنه جی ، چې هغوی څه وائی؟ جی آنریبل لاء منسټر صاحب۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): بادشاه صالح صاحب ته زه دا تسلی ورکومه جی چې د دوئ څومره پلونه چې کوم دی ، هغه تهرډ کیټګری کښې ټول نه دی ، فرسټ او سیکنډ چې کوم کیټګریز دی ، په کوم باندې کار تقریباً مکمل کیدو والا دے ، هغه نومونه به زه واخلم دوئ ته ، په ریکارډ باندې د چیک کړی۔ دې وخت کښې آر سی سی یو پل دے د پتراک ، هغې باندې کار روان دے ، آرسی سی پل دے تهل ، په هغې باندې کار روان دے ، 'سسپنشن' پل پنګلاس ، نه بنګاس دے که څه شے دے ؟ 'سسپنشن' پل سندری ، دې باندې کار روان دے ، سټیل پل ډهوک دره ، په هغې باندی کار مکمل شوے دے ، سټیل پل بمقام شومئ باټل ، ورک آرډر په هغې کښې ایشو شوے دے ، آر سی سی پل ناشنا مل ، ډیزائننګ باندې کار روان دے نو داسې اووه اته پلونه چې کوم دی ، دا اولنی څلور پینځه خو بالکل فائنل سټیجز کښې دی ، دا دوه باندې اوس لکه هغه Initial stages کښې دی نو د دوئ خو تقریباً ټول پلونه فرسټ او سیکنډ کیټګری او تهرډ کیټګری خو هغه دی چې لکه یو ځائے نه دے ټوله صوبه ده ، Differently

category wise روان دی نو څه به ښکنکال اوشی او څه به بل کال له ان شاء الله اوشی او باقی ډیپارټمنټ والا هم ناست دی چې څه قسم Satisfaction دوئ وائی نو هغه شان به ورسره خبره وکړی۔

سینئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: آنریبل بشیر بلور صاحب۔

سینئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب! تهینک یو ویری مچ جی۔ سپیکر صاحب، دا نن هیلتهـ منسټر صاحب مهربانی کړې ده تشریف ئے یې راوړلے دے۔ سپیکر صاحب، زه هغه بله ورځ تلے ووم، دا چې کوم متنو کښې بلاسټ شوے وو۔۔۔۔

ملک بادشاہ صالح: په دې مونږ کال اټینشن راوستے دے۔

سینئر وزیر (بلدیات): کال اټینشن راغلے دے، ښه ښه جی، بس دوئ کال اټینشن باندې به خبره وکړی، هم دا خبره وه۔

جناب سپیکر: جی بیا بادشاه صالح صاحب! جواب خو ټهیک ملاؤ شو که څه وو نو بیا تاسو ورسره دغه کښې کښینئ۔ Saqibullah Khan, Saqibullah Khan, not present, it lapses. Sardar Aurangzeb Nalotha Sahib, not present, it lapses. Hafiz Akhtar Ali Sahib, not present, it lapses. Mehar Sultana Sahiba, ji Bibi.

محترمہ مہر سلطانہ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ تھینک یو، جناب سپیکر،۔۔۔۔

Mr. Speaker: Call Attention Notice No. 751, please.

محترمہ مہر سلطانہ: جی۔ میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں، وہ یہ کہ گاؤں لتمبر ضلع کرک میں آبنوشی ٹیوب ویلز موجود ہیں اور تین مہینوں سے کام نہیں کر رہے اور لوگ پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں، ہزاروں لوگ اور خصوصاً عورتیں دور دور سے پانی لانے پر مجبور ہیں، بارہ سو روپے فی ٹینکی پانی خرید رہے ہیں، اس وجہ سے عوام سخت تکلیف سے دوچار ہیں اور ان میں بے چینی پھیلی ہوئی ہے۔

جناب سپیکر، یہ کال اٹینشن میں پہلے سیشن میں بھی لے کر آئی تھی، اس وقت ابھی رمضان بھی شروع نہیں ہوا تھا اور گرمی کافی شدید آنے والی تھی۔ سر، یہ ٹیوب ویل تین ماہ سے خراب ہے اور اس کے علاوہ بھی مختلف جگہوں پر ٹیوب ویلز جو ہیں، وہ کام نہیں کر رہے ہیں اور اس میں سر میں نے مختلف بار محکمے

کو اس کی نشاندہی بھی کی ہے اور اس کے اوپر تھوڑا بہت کام ہوا بھی ہے، اس لئے کل بھی بتایا گیا کہ اس پر کام ہو رہا ہے، اس کو ٹھیک کیا جارہا ہے لیکن سر وہاں پر چونکہ آپ کو پتہ ہے کہ کرک میں Already پانی کا بہت مسئلہ ہے اور پانی نہیں ہوتا لوگوں کے پاس، Even بعض ایسی سیچویشن آتی ہے کہ وضو یا پینے کیلئے بھی پانی کا بڑا مسئلہ ہوتا ہے سر، تو ایسی حالت میں لوگ کافی دشوار گزار وقت گزارتے ہیں سر اور وہاں پر ہمیں کوئی ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے یہ کہا جاتا ہے کہ وہاں پر جو مشینری لگی ہوئی ہے، وہ وولٹیج کی وجہ سے کام نہیں کر رہی، ٹیوب ویلز میں جو ہے، تو سر میری گزارش ہے کہ اس کیلئے اگر ایسی کوئی مشینری جو چائنا کی ہو، منگوائیں، اس طرح کی مشینری کہ اس کی وجہ سے وہ ٹیوب ویلز کام کرنا شروع کر دیں کیونکہ لوگوں کو پانی کا شدید مسئلہ ہے اور سر پانی کے بغیر آپ کو پتہ ہے کہ زندگی گزارنا شدید مشکل ہے۔ تھینک یو۔

<u>جناب سپیکر</u>: گورنمنٹ سے سنتے ہیں ناجی۔ جی آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

